نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں کی ایگریکلچر جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے بلا مقابلہ منتخب ہونے والے عہدے داران کو مبارکباد

لاہور: 13 اکتوبر 2026: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے ایگریکلچر جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں الیکشن کمشنر کے اعلان کردہ نتائج کے مطابق بلا مقابلہ منتخب ہونے والے روزنامہ بزنس ریکارڈر کے زاہد میر بیگ کو صدر، روزنامہ وقت کے حیدر منیر کو نائب صدر، روزنامہ ڈان کے علی وقار کو سیکرٹری، ہم نیوز چینل کے عمیر رانا کو خزانچی، روزنامہ ڈان کے امجد محمود، روزنامہ اوصاف کے شیخ رشید اور لاہور نیوز کے عبدالقادر مدنی کو ایگزیکٹو کمیٹی ممبر نامزد ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا ہے کہ نومنتخب ایگریکلچر جرنلسٹس ایسوسی ایشن کی قیادت زرعی صحافت کے فروغ، کاشتکاروں و دیگر سٹیک ہولڈرز کو حکومتی اقدامات و دیگر زرعی شعبے کی ترقی کیلئے نئی و جاری زرعی پروگرامز کی آگاہی سمیت زرعی ٹیکنالوجی کی ترویج میں اپنا موثر کردار ادا کرے گی۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ نئی منتخب ہونے والی ایسوسی ایشن محکمہ زراعت ولائیوسٹاک کے تحت جاری ترقیاتی پروگرامز و دیگر سکیموں بارے بروقت آگاہی کیلئے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لائے گی اور حقیقی معنوں میں زرعی شعبے کی ترقی میں فعال کردار ادا کر کے اپنا قومی فریضہ سرانجام دے گی

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت پنجاب اور ایگریکلچر جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے درمیان موثر رابطہ اور باہمی تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ جرنلسٹس کا زراعت کی معلومات کاشتکاروں و دیگر سٹیک ہولڈرز تک پہنچانے میں بڑا فعال اور کلیدی کردار ہوتا ہے

☆☆☆☆